Reg. No. ....................................

Name : ......................................

**Code No. 5007**

**Second Year – MARCH 2017**

Time : 2½ Hours
Cool-off time : 15 Minutes

Part–II

# URDU

Maximum : 80 Scores

***General Instructions to Candidates :***

- There is a 'cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time of 2½ hrs.
- You are not allowed to write your answers nor to discuss anything with others during the 'cool-off time'.
- Read questions carefully before answering.
- All questions are compulsory and only internal choice is allowed.
- When you select a question, all the sub-questions must be answered from the same question itself.
- Electronic devices except non programmable calculators are not allowed in the Examination Hall.

1. شہریار اردو کے ایک مشہور شاعر ہیں۔ جنھیں گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ ان کا اصلی نام کیا ہے؟ **(Score : 1)**

2. نیچے دیے گئے کسی ایک شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے : **(Scores : 4)**

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

**یا**

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

3. ''سلّیون نے مجھے بہت پیار دیا۔ اس کے آنے سے میری زندگی ہی بدل گئی اور میرے خوابوں کے پھول کھلنے لگے۔
میری زندگی سنوارنے میں ان کا بہت اہم رول رہا ہے۔''
ہیلن کیلّر اس طرح کیوں کہتی ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے (کم سے کم **پانچ** جملے لکھیے) **(Scores : 5)**

4. اردو کے کسی دو سفرنامہ نگاروں کے نام لکھیے۔ **(Scores : 2)**

5. غالب کہتے ہیں کہ اردو 'عوام کی زبان' ہے۔ اردو زبان کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں ؟ لکھیے۔
(کم سے کم **پانچ** جملے) **(Scores : 5)**

6. اردو میں بہت سے رباعی گو شاعر ہیں۔ کسی دو مشہور رباعی گو شاعروں کے نام لکھیے۔ **(Scores : 2)**

7. فلم 'مغل اعظم' میں آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ اس کردار پر نوٹ لکھیے (کم سے کم **چار** جملے) **(Scores : 5)**

8. ذیل میں دئے گئے جملہ کی تصحیح کیجیے :
ہم بازار جا رہا ہے۔ **(Scores : 2)**

9. ہندوستان کی پہلی بولتی فلم کا نام کیا ہے ؟ **(Score : 1)**

10. کوئی دو اردو اخباروں کے نام لکھیے۔ **(Scores : 2)**

11. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے : **(Scores : 4)**

مذہب کی زبان پر ہے نکوئی کا پیام
حُسنِ عمل اور راست گوئی کا پیام
مذہب کے نام پر لڑائی کیسی
مذہب دیتا ہے صلح جوئی کا پیام

12. پریم چند کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔ ( کم سے کم **چار** جملے ) (Scores : 4)

ذیل کی عبارت غور سے پڑھیے اور ان سوالوں کے جواب لکھیے :

''سات پیڑھیاں گُزر گئیں اس محلّے کے اندر۔ ساری عمر ہماری یہیں گُزر گئیں۔ ہندو مسلم سب !
ہم سب ان کی عزت کرتے ہیں۔ یہ ہماری عزت کرتے ہیں۔ سمجھیے بڑے آرام سے گُزر رہی ہے۔

13. اس عبارت سے ایک جملہ چن کر لکھیے جو زمانہ ماضی میں ہے۔ (Score : 1)

14. اس عبارت کے دو حروف چن کر لکھیے ۔ (Scores : 2)

15. اس عبارت سے ایک جملہ چن کر لکھیے ۔ جو زمانہ حال میں ہے۔ (Score : 1)

16. رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں
اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے ۔ (Scores : 4)

17. آپ نے کئی ایک مقامات کا سفر کیا ہوگا۔ کسی ایک سفر کا تجربہ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔ ( کم سے کم **پانچ** جملے ) (Scores : 5)

18. قومی یکجہتی ملک کی ترقی کے لیے بے حد ضروری ہے۔ آپ کی رائے میں قومی یکجہتی میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر کیا کیا ہیں ؟ ( کم سے کم **پانچ** جملے ) (Scores : 5)

19. آپ کے اسکول میں 'عالمی یوم اردو' منائے جا رہے ہیں۔ اس جلسے کا ایک اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔ (Scores : 5)

20. پسندیدہ کسی دو گلوکاروں کے نام لکھیے ۔ (Scores : 2)

21. سید محمد سروؔر نے اپنی نظم 'آہ امّاں' میں ماں کے بارے میں کیا کیا کہا ہے ؟ لکھیے ۔ (کم سے کم **پانچ** جملے) (Scores : 5)

22. افسانہ 'بوڑھی کاکی' میں کئی کردار ہیں۔ ان میں سے آپ کے پسندیدہ کسی ایک کردار پر نوٹ لکھیے ۔ (Scores : 5)

23. اردو کے کسی دو اہم افسانہ نگاروں کے نام لکھیے ۔ (Scores : 2)

24. اردو کے کسی دو اہم غزل گو شعرا کے نام لکھیے ۔ (Scores : 2)

25. رباعی کسے کہتے ہیں ؟ کسی اہم دو رباعی گو شاعروں کے نام لکھیے ۔ (Scores : 4)

———